URDU

# سب کے لئے نرسنگ ہوم

پیدر لُوکے سنٹر کے نرسنگ ہوم میں زندگی کیسی ہوتی ہے؟

PEDER LYKKE CENTRET
VI RUMMER EN VERDEN AF LIV

# پیدر لُوکے سنٹر میں خوش آمدید
# ڈنمارک کا پہلا متنوع نرسنگ ہوم —

ایک متنوع نرسنگ ہوم میں مختلف ایتھنسک(etniske) تہذیبی و ثقافتی پسِ منظر کے حامل لوگ رہتے ہیں۔ ہمارے ہاں ڈینش پسِ منظر والے اور ڈینش کے علاوہ دیگر ایتھنسک تہذیبی و ثقافتی پسِ منظر رکھنے والے دونوں طرح کے رہائشی اورملازمین ہیں۔ آپ کے قریبی پڑوسی کوئی اور زبان بول سکتے ہیں اور ان کی دلچسپیاں اورمذاہب جداگانہ ہو سکتے ہیں۔

پیدر لُوکے سنٹر میں ہم رہائشیوں کے رہن سہن کے مختلف طریقوں کا احترام کرتے ہیں اوران کے مختلف پسِ منظر کو ایک توانائی سمجھتے ہیں۔ ہم روزمّرہ زندگی کا محفوظ ڈھانچہ اوراچھے تجربات تخلیق کرتے ہیں، اس طریقہ سے کہ ہم عین اس بات کو امداد مہیا کرتے ہیں جس سے انفرادی شخص کا معیارِ زندگی بلند ہو - دلچسپیوں اور مذہب کے سلسلہ میں بھی-
اراکین عملہ رہائشیوں کے متعلق یہ نقطہء نظر رکھتے ہیں کہ وہ تمام بے مثال افراد ہیں۔ اچھی زندگی کے بارے میں ہرایک رہائشی کے جدا گانہ تصورات ہیں، اس کے لئے عملہ کے پاس ایسے طریقے ہیں جن سے وہ امدد کر سکتے ہیں۔



سنٹر کا عملہ 15 سے زیادہ زبانیں بولتا ہے اور 20 سے زیادہ ممالک کے پسِ منظر کا حامل ہے

## بین الثقافتی کمرہ

بین الثقافتی کمرے کو پروجیکٹراور روشنوں سے آراستہ کیا گیا ہےتاکہ ہم اسے ایک مسجد ، چرچ یا کسی تیسری چیز میں تبدیل کرسکیں۔ مقصد یہ ہےکہ اسے رہائشیوں کی مختلف دلچسپیوں کے موافق بنایا جائے۔ لہٰذا یہ کمرہ رہائشیوں کی طرف سے مرتب سرگرمیوں کے لئے دستیاب ہے، اسی طرح کبھی کبھار عملہ کی ترتیب دی ہوئی سرگرمیاں بھی منعقد ہو سکیں۔ دوسری چیزوں کے علاوہ ہم نے یہاں فلپائینی کرسمس منائی تھی۔ اگر کوئی اپنے عقیدہ پر عمل کرنے، مراقبہ کرنے یا صرف اکیلے میں سکون پانےکا خواہش مند ہوتو ہمارے پاس ایک سکوت ولا کمرہ موجود ہے۔

"مجھے یہاں خود کو خیر مقدم محسوس ہوتا ہے۔ میرے پاس ا پنے آپ میں ہونے کی جگہ ہے"





مجھے بہت خوشی ہے کہ پیدر لُوکے سنٹر میں ہم بہت سے مختلف رہائشی ہیں اور ہم ایک جگہ میں رہتے ہیں تاہم الگ تھلگ اپنے آپ میں بھی ہو سکتے ہیں۔

فلپائین سے 80 سالہ Maria Magdalena

# سوالات اور جوابات

### کیا پیدر لُوکے سنٹر میں  ڈینش کے علاوہ دیگرایتھنسک پسِ منظر کے حامل بہت سے لوگ رہتے ہیں؟

پیڈر لُوکے سینٹر میں ہمارے ہاں 15 سے زیادہ مختلف ممالک کے پسِ منظر والے رہائشی ہیں لیکن رہائشیوں کی اکثریت ڈینش پسِ منظر کے حامل لوگ ہیں۔
نرسنگ ہوم کے رہائشی اپنے تہذیبی و ثقافتی پسِ منظر کےقطع نظر ساتھ  ساتھ رہتے ہیں۔
ہمارے ڈاؤ ہائی سکول اورسرگرمیوں کے سنٹر کو بھی مختلف ایھنسک اور تہذینی و ثقافتی پسِ منظر والوں کی اکثریت استعمال کرتی ہے۔

### میں متنوع نرسنگ ہوم میں کیسے رہائش پزیر ہوں گا؟

آپ اپنی پرائیویٹ رہائش گاہ کو اپنی خواہش کے مطابق آراستہ کر سکتے ہیں۔ یہاں آپ کا اپنا کمرہ، غسل خانہ اور ٹوائیلٹ ہیں۔ آپ کوجس دیکھ بھال اور توجہ کی ضرورت ہے اس کے لئے تربیت یافتہ عملہ  مدد کرنے کے لئے  سارا وقت موجود رہتا ہے۔ ایسی مشترکہ جگہیں بھی ہیں جنھیں آپ بخوشی استعمال کر سکتے ہیں۔ یہاں آپ بخوشی اپنے خاندان اور دوستوں کے ساتھ وقت گزار سکتے ہیں۔

### مجھے کس قسم کا کھانا ملے گا؟

ہم اس بات پر وزن دیتے ہیں کہ جو کھانا ہم بناتے ہیں اسے سب کھا سکتے ہوں اور جن کو کھانا پیش کیا جاتا ہے ان کا اس بات پہ اثر نفوذ ہو۔ آپ کو واضع طور پہ بتایا جائے گا کہ ہم کون سی کچی اشیاء استعمال کرتے ہیں اور کس طرح سے باورچی خانہ میں کھانا تیار کرتے ہیں۔ ہمارے باورچی خانہ کا عملہ مختلف ضروریات کو نبھانے کے لئے تربیت یافتہ ہے۔ ہرماہ باروچی خانہ آنیوالے مہینے کے کھانے کا منصوبہ بناتا ہے جس میں بشمول دیگرے ایک حلال ڈش منتخب کرنا ممکن ہے۔ سنٹر کے اراکین عملہ پیش کئے جانے والے کھانے کے متعلق آپ کی خصوصی خواہش کو غور سے سنیں گے۔



## جب میں متنوع نرسنگ ہوم میں شفٹ ہوں گا تو کیا میں اپنے خاندان اور دوستوں کو جتنا چاہوں مل سکتا ہوں؟

جب آپ پیدر لُوکے سنٹر میں مقیم ہوتے ہیں تو آپ کو اپنی رہائش گاہ ملتی ہے جس میں آپ جتنا اکثر چاہیں آپ کے ملاقاتی آ سکتے ہیں۔ در حقیقت بہت سے لوگوں کو یہ تجربہ ہوتا ہے جبکہ دیکھ بھال کے کاموں کے لئے عملہ موجود ہے تو قریبی لواحقین ہونا نسبتاً آسان ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں نرسنگ ہوم میں  بطور مکین آپ کے گرد ہمیشہ  لوگ موجود ہوتے ہیں اور آپ کو روز مرّہ سرگرمیوں میں حصّہ لینے کا موقع ملتا ہے۔

## متنوع نرسنگ ہوم میں کون مجھ پر فیصلے چلا سکتا ہے؟

جب آپ پیدر لُوکے سنٹر میں شفٹ ہوتے ہیں تو آپ کو ذاتی پرائیویٹ رہائش گاہ ملتی ہے جسے آپ خود آراستہ کر سکتے ہیں۔ آپ خود ہی یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آپ کتنی سرگرمیوں میں حصّہ لیں گے۔ آپ کس مذہب  پر عمل کرتے ہیں اور آپ کیا کھاتے ہیں۔ ہم آپ اور آپ کے خاندان کی بات کوغور سے سننے کو بہت وزن دیتے ہیں اور جو ہم سے بن پڑتا ہے ہم اپنی پوری کوشش کرتے ہیں کہ آپ اپنی زندگی اسی طرح سے گزاریں جیسی آپ ہمیشہ سے گزارتے چلے آئے ہیں۔

## کیا آپ ڈینش تہواروں کے علاوہ بڑے دن مناتے ہیں؟

ہم سارا وقت اپنے آس پاس کی دینا  کی روایات کے ضمن میں مزید سیانے ہوتے جا رہے ہیں۔ اب تک ہم نے کلاسیکل ڈینش تہواروں کے علاوہ بشمول دیگرے چینی نیا سال منایا ہے، فلپائینی کرسمس، اکتوبر کی پارٹی اورعید منائی ہے۔ علاوہ ازیں
ہم ایک سالانہ متنوع پارٹی کرتے ہیں جس میں مختلف ممالک کے خیمے لگا کرنمائندگی کی جاتی ہے۔ ہم نئی روایات کی جستجو میں رہتے ہیں اور اکثرپروگراموں کے ذریعہ ہمارے رہائشیوں کے مختلف پسِ منظر کی نمائندگی کرنے کے اقدامات کرتے ہیں۔  اگر آپ کی کوئی خواہش ہو توہم نئے پروگراموں کے لئے کھلے پن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

## کیا عملہ کا کوئی رکن میری زبان بولنے والا ہوگا؟

آپ کو اُس اہل کار سے مدد ملے گی جو پیشہ ورانہ طور پہ آپ کی  دیکھ بھال اور توجہ کی ضروریات میں مدد کرنے میں بہترین ہو گا۔ ہم اس کی گارنٹی نہیں دے سکتے ہیں کہ ہر وقت آپ کی زبان بولنے والا موجود ہو گا، تاہم 20 سے زیادہ مختلف زبانیں بولنے والے عملہ میں سے اکثر یہ ممکن ہوگا کہ آپ کی زبان بولنے والے اہل کار کو متعین کیا جائے۔



سرگرمیوں کا سنٹر، ڈاؤ ہائی سکول، نرسنگ ہوم، خریداری کے مواقع، کیفے اور دیگر بہت کچھ ایک ہی چھت کے نیچے جمع ہونے کی وجہ روزمرّہ کے مقاصد اور کام کاج سنٹر ہی میں نمٹائے جا سکتے ہیں۔ ک جمع

**کیا میں اپنے مذہب پر عمل کر سکتا ہوں**

جی ہاں، پیدر لُوکے سنٹر میں تمام مذاہب خیر مقدم ہیں۔ تمام لوگوں کو اپنے مذہب پرعمل کرنے کا موقع میسر ہے۔ وہ اپنی پرائیوٹ رہائش گاہ میں مذہبی فرائض سرانجام دے سکتے ہیں یا ہمارے بین الثقافتی سنٹر کے کمرہ اور سکوت والے کمرہ کو استعمال کیا جا سکتا ہے جن کو اس مقصد کے لئے آراستہ کیا گیا ہے کیا گیا ہے۔
مزید یہ کہ ہم کوشاں رہتے ہیں کہ مختلف مذہبی اور ثقافتی تہواروں کو باہم مل جل کر منایا جائے



## متنوع نرسنگ ہوم میں رہائش کی قیمت کیا ہے؟

جیسے کہ ہر ایک پرائیویٹ رہائش گاہ کے اخراجات ہوتے ہیں، اسی طرح آپ کو اپنے اخراجات ادا کرنے ہوں گے مثال کے طور پہ پیشگی رقم، کرایہ مکان، بجلی کا بل، گھرگرم رکھنا، ٹی وی کا لائسنس، ٹیلیفون کا بل اور کھانے پینے کے اخراجات ہیں۔

## میں متنوع نرسنگ ہوم میں کیسے رہائش حاصل کر سکتا ہوں؟

نرسنگ ہوم میں جگہ حاصل کرنے کے لئے کمیون کا عملہ آپ کا کیس دیکھ کرملاقات کرے گا (visiteres) ۔

آپ فون نمبر 33 66 33 66 پر رابطہ کر کے ان سے ایک میٹنگ طے کریں۔ اس کے بعد وہ یہ تخمینہ لگائیں گے آیا آپ کو جگہ مل سکتی ہے۔ تخمینہ کی بنیاد کمیون کے اصول و قوانین، اور خدمت کے معیار کے مطابق ہوگا، جو سیاستدانوں نے طے کئے ہوتے ہیں۔

جب آپ سے ملاقات مکمل ہو چکے گی تو وہ آپ کو ممکنات بتائیں گے۔ آپ پیدر لُوکے سنٹر میں رہائش رکھنے کے لئے اپنی خواہش کا اظہار کر سکتے ہیں۔

# پیدر لوُکے سنٹر میں
# اپنی دلچسپیوں و مشاغل پر
# عمل کرنے کے بتہ سے
# مختلف مواقع دستیاب ہیں



**میں متنوع نرسنگ ہوم میں کیسے رہائش حاصل کر سکتا ہوں؟**

نرسنگ ہوم میں جگہ حاصل کرنے کے لئے کمیون کا عملہ آپ کا کیس دیکھ کرملاقات کرے گا (visiteres) ۔
آپ فون نمبر 33 66 33 66 پر رابطہ کر کے ان سے ایک میٹنگ طے کریں۔

## رابطہ

**پیدر لُوکے سنٹر**
کوپن ہیگن کمیون
پیدر لُوکس وائے 65-63
2300 کوپن ہیگن
ٹیلی فون: 3234 4387
ہوم ہیج : www.pederlykkecenteret.dk

